سوال

(5) شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کی گیارھویں کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کی گیارھویں کرنا اس نیت سے کہ پیر صاحب معظم اور مقرب الٰہی ہیں۔ ان کی تعظیم اور ان کے ساتھ تقرب حاصل کرنے کے واسطے ہم یہ مال خرچ کرتے ہیں کہ وہ ہم سے راضی رہیں۔ کیسا ہے؟ اور بے اس نیت کے صرف ایصالِ ثواب کے لیے کرنا بقیدماہ وتاریخ کے کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گیارھویں کرنا شیخ عبدالقادر کی نیت مذکورہ بالا سے شرک ثابت ہوتا ہے۔ اس واسطے کہ یہ سب اوصاف خاص اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔ غیر کو اس میں دخل نہیں اور دلائل اس کے، جواب میں سوال (1) کے گزرے۔ حاجت اعادہ کی نہیں۔ اور اگر بلا اس نیت کے کرے بقیدماہ وتاریخ تو بدعت ہے۔ اور تفصیل اس کی، جواب میں [فتویٰ نمبر ۴۷،۴۸] آئندہ کے آتی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مجموعہ مقالات، وفتاویٰ

صفحہ نمبر 87

محدث فتویٰ